© rasailojaraid.com


قرآن انسائیکلوپیڈیا کی خوش خبری بھی دی ہے۔

یہ ۱۹۸۳ء میں پہلی دفعہ شائع ہوا۔ چھٹا ایڈیشن مشینی کتابت پر کچھ اضافوں کے ساتھ شائع کیا گیا‘ اب یہ آٹھواں ایڈیشن خاصے اضافوں کے ساتھ دو جلدوں میں شائع کیا گیا ہے۔ اس کی خصوصیات میں ۵۰ صفحات کا اسلامی اٹلس ہے جس میں صحاح ستہ کے عظیم محدثین کے اسفار بھی دکھائے گئے ہیں۔ مزید ۱۰۰ صفحات میں مقدس مقامات‘ خطاطی اور پینٹنگز کی تصاویر دی گئی ہیں۔ اشاریہ بھی پہلی دفعہ شامل کیا گیا ہے۔

باوجود اتنا ضخیم ہونے کے‘ اسے مختصر ہی کہا جاسکتا ہے۔ اس لیے کہ اتنی طویل‘ مالا مال تاریخ کے واقعات‘ شخصیات‘ مقامات اور ایمانیات‘ عبادات‘ سیرت اور فقہ سے متعلق موضوعات اگر سیر حاصل انداز سے لکھے جاتے تو دس بارہ جلدیں تیار ہو جاتیں۔ اعداد و شمار اور حالات حسب حال شامل کر لیے گئے ہیں۔ چار ہزار موضوعات کو ڈھائی ہزار صفحات میں سمو دیا گیا ہے۔ ضروری معلومات اور تعارف فراہم ہو جاتا ہے۔ جمیل احمد رانا صاحب نے ”انتہائی باریک بینی اور دقتِ نظر سے پورے انسائیکلوپیڈیا کا لفظ بہ لفظ مطالعہ کر کے متن اور پروف کی اغلاط کی نشان دہی کی“، اس پر وہ تبریک کے مستحق ہیں۔

یہ کیسے ہو کہ یہ انسائیکلوپیڈیا ملک کے ہر تعلیمی ادارے کی لائبریری میں اور ہر پڑھنے لکھنے والے فرد کی میز پر پہنچ جائے؟ شاید الفیصل یہ کام کر لے۔ (مسلم سجاد)

**ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ**، مرتب: محمد راشد شیخ۔ ناشر: المیزان پبلشرز‘ ۲۴۴- المعصوم ٹاؤن‘ گلی نمبر ۷‘ ڈاک خانہ فوارہ چوک‘ فیصل آباد۔ صفحات: ۴۹۶۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

محمد راشد شیخ نے عقیدت و محبت کے جذبے کے ساتھ زیرنظر کتاب ترتیب دی ہے۔ کتاب میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے خاندانی حالات‘ علمی پس منظر‘ تعلیمی و تدریسی مراحل‘ تحقیق و تصنیف‘ پیرس میں علمی و دعوتی سرگرمیوں‘ پاکستان و ترکی میں علمی سرگرمیوں‘ اخلاق و کردار‘ علمی انہماک‘ فقر و استغنا‘ غرض موصوف کے مختلف شخصی و علمی پہلوؤں سے اعتنا کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر کتاب کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: احوالِ ذاتی‘ آثارِ علمیہ‘ خراجِ عقیدت (در حین حیات)‘

© rasailojaraid.com